بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نماز جنازہ کے بعد دعا کا حکم

## سوال:

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت جی! عرض یہ ہے کہ جب ہم نمازِ جنازہ پڑھتے ہیں تو اہل بدعت امام جنازہ پڑھا کر اس کے بعد دعا مانگتا ہے۔ کیا یہ دعا مانگنا جائز ہے؟ نیز ہم بھی وہ دعا مانگ سکتے ہیں یا نہیں؟

**سائل: عبد الکریم، سندھ**

## جواب:

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پہلی بات..... یہ سمجھیں کہ اہلِ بدعت کے عقائد و نظریات کے پیش نظر ان کے پیچھے نماز جنازہ جائز ہی نہیں ہے۔ اس لیے ان کی اقتداء سے احتراز کریں!

دوسری بات..... نماز جنازہ خود ایک دعا ہے اس لیے نماز جنازہ کے بعد دعا مانگنا جائز نہیں بلکہ بدعت ہے۔ اہلِ بدعت جو دعا کرتے ہیں یہ دعا بالکل ثابت نہیں، اس سے احتراز کرنا لازم ہے۔ فقہائے کرام رحمہم اللہ کے ذمہ دار طبقہ نے اس دعا کو ممنوع قرار دیا ہے۔

- علامہ طاہر بن عبد الرشید البخاری (ت542ھ) لکھتے ہیں:

لا یقوم بالدعاء بعد صلاۃ الجنازۃ. (خلاصۃ الفتاوی: ج1 ص225)

ترجمہ: نماز جنازہ کے بعد دعا نہ کی جائے۔

- ملا علی بن سلطان محمد القاری الھروی الحنفی (ت1014ھ) لکھتے ہیں:

ولا یدعو للمیت بعد صلاۃ الجنازۃ؛ لأنہ یشبہ الزیادۃ فی صلاۃ الجنازۃ.

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح لعلی القاری: ج4 ص149)

ترجمہ: نماز جنازہ پڑھنے کے بعد میت کے لیے دعا نہ کریں کیونکہ یہ نماز جنازہ میں اضافہ کرنے کے مترادف ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**08- دسمبر 2020ء**